Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۷ مطبوعہ پنجشنبہ تاریخ ۳ صفر ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۵ اپریل ۱۹۳۶ء جلد ۳۸

حصہ اوّل

احکام اجلاس ھمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری ایزادی عبارت دفعہ ۵۲ قواعد پنشن	۲	۵	منظوری تجویز اسٹیٹ کونسل بابت تنخواہ جنرل ریونیو سکریٹری	۳
(۲)	منظوری قاعدہ متعلق انعام ایگزیکیوٹو آفیسر سیلف گورنمنٹ (بحالت سبکدوشی از خدمات)	//	۶	منظوری رخصت کپتان عبدالقیوم خاں کمانڈنٹ خاص برگیڈ	۳
۳	منظوری الاؤنس لیڈی ڈاکٹر جانسٹن صاحبہ	۳	۷	انتظام کام بسلسلہ قیام مسوری اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم	۳
۴	توسیع مدت ملازمت عالیجناب صاحب کمشنر بہادر				

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

۱ ہدایت متعلق سررشتہ حساب

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱ منظوری رخصت ۱۸ اپریل ۱۹۳۶ء مولوی وصال محمد صاحب منصف مجسٹریٹ صیغہ جنوبی

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر دفعہ (۵۴) قواعد پنشن میں بعد عبارت انعام کا حساب آخری تین سال عبارت ذیل کا اضافہ منظور ہے:-

"یا اگر مدت ملازمت تین سال سے کم ہو تو اس مدت"

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰ر اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۰ر اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر متعلق انعام ایگزیکٹو افسر و ہیلتھ افسر میونسپلٹی بحالت سبکدوشی از خدمات قاعدہ مصرحہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے بشرط ۱۹۳۵ء سے اجرا کیا جائے۔

حکم ہوا

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰ر اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

[illegible] — [illegible]

بجناب عالی

زرتنخواہ کی تجویز بابت منظوری قاعدہ مندرجہ ذیل متعلق انعام ایگزیکٹو افسر و ہیلتھ افسر میونسپلٹی بحالت سبکدوشی از خدمات و اجرائے قاعدہ مذکور از ۱۹۳۵ء اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۹ر اپریل ۱۹۳۶ء میں پیش ہوئی تھی جس سے کونسل کو اتفاق ہے۔

قاعدہ:- ایگزیکٹو افسر و ہیلتھ افسر میونسپلٹی کے ریٹائر ہونے کی حالت میں ہر کامل سال ملازمت کے صلہ میں ایک ماہ کی تنخواہ بطور انعام دیجائیگی۔ انعام کا حساب ہر سال کے اوسط ماہانہ تنخواہ کے لحاظ سے کیا جائیگا لیکن کل رقم انعام مدت دوران ملازمت کی آخری محصلہ ماہانہ تنخواہ سے کسی حالت میں دس گنے سے زائد نہ ہوگی۔ زرتنخواہ مستدعی ہے کہ بارگاہ معلی سے حکم منظوری قاعدہ مذکور و اجرائے از ۱۹۳۵ء شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد عرض

دستخط زرتنخواہ عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۲ر اپریل ۱۹۳۶ء

روبکار:- واقع ۲۰/اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے لیڈی ڈاکٹر خواتین صاحبہ خدمات متعلقہ کے علاوہ جیل کے زنانہ حوالاتیان خورشید گرلس اسکول کی لڑکیوں اور رفعت مٹرنٹی سنٹر کی زچگان کا معائنہ بھی کرتی ہیں لہذا حسب استدعا عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر یکم اپریل ۱۹۳۶ء سے انکا ایک سو روپیہ ماہانہ الاؤنس بتفصیل تحت منظور ہے۔

الاؤنس جیل .... [illegible]

الاؤنس خورشید گرلس اسکول .... [illegible]

الاؤنس رفعت مٹرنٹی سنٹر .... [illegible]

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی واجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور دام اقبالہم وملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰/اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار واقع ۲۰/اپریل ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ عالیمرتبت صاحب آئی جی ریونیو منسٹر بہادر کی مدت ملازمت ۲۲ رمئی ۱۹۳۶ء کو ختم ہوتی ہے۔ حسب استدعا عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ان کی مدت ملازمت میں بشرائط موجودہ ایک سال کی مزید توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ کاغذات بعد اجرائے احکام داخل دفتر واپس کئے جائیں۔ ۲۰/اپریل ۱۹۳۶ء۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۰/اپریل ۱۹۳۶ء

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ واپس ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جز عرض — میرسانہ

جناب عالی

سید محمد عباس زیدی صاحب بہادر ریونیو سکریٹری کے متعلق طے ہوا تھا کہ ان کو جو تنخواہ برٹش گورنمنٹ میں ملتی ہے ریاست میں اوس سے ایک سو روپیہ ماہانہ زائد دیئے جائینگے بلکہ ان کی استدعا پر بجائے ایک سو روپیہ ماہانہ زائد رقم دیئے جانے کے [illegible] فی صدی زائد رقم کی منظوری پیشگاہ معلی سے بحکم ۱۲/مارچ ۱۹۳۵ء از یکم جنوری ۱۹۳۵ء صادر ہو چکی ہے۔ اس کے بعد ۲۶/دسمبر ۱۹۳۵ء سے برٹش گورنمنٹ میں ان کا تیس روپیہ ماہانہ اضافہ ہوا جس کے تحت میں بسفارش کونسل پیشگاہ ہمایوں سے بھی تیس روپیہ ماہانہ اضافہ کی منظوری ۱۷/اکتوبر ۱۹۳۵ء کو صادر ہوئی۔ اور اسکی اطلاع گورنمنٹ کو دیدی گئی تھی جس کا جواب اب

یہ موصول ہوا ہے کہ ... صاحب ... سکریٹری بہادر کی تنخواہ میں یکم جنوری ۱۹۲۵ء سے ... فی صدی ... کم ... جائے لیکن یوم ... ستمبر ۱۹۲۵ء سے بجائے ... فی صدی ... کے ... فی صدی ... کاغذات متعلقہ اسٹیٹ کونسل کے جلسہ ... پیش ہوکر کونسل ترمیمی منظوری سے اتفاق کرچکی ہے ... مستدعی ہے کہ ۲۰ ستمبر ۱۹۲۵ء سے بجائے ... فی صدی کے ... فی صدی ... وضع ... جانے کی ترمیمی منظوری کا حکم بارگاہ معلی سے ... زیادہ حد ادب
دولت و اقبال جاوید باد

عرضی
دستخط ... عالیجناب ... منسٹر بہادر
مورخہ ۲ ... اپریل ۱۹۳۶ء

حسب ... ہمایوں سررشتہ ... احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دار الانشا کو بھیجے جائیں۔ ایک ... ۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء
دستخط ... صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۲۲ اپریل ۱۹۳۶ء

حسب یادداشت عالیجناب صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر ... منظوری رخصت اتفاقیہ ... کپتان عبدالقیوم خاں صاحب کمانڈنٹ ... از ۲۱ لغایت ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء بغرض شرکت شادی برادر خود ... صراحت کہ کپتان صاحب کی عدم موجودگی میں لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خاں صاحب کو ... چارج کمانڈنٹ ... میں

چلیں منظور فرمادیا جانا مناسب ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ کپتان عبدالقیوم خاں کمانڈنٹ ... کی رخصت اتفاقیہ ... یوم ۲۱ لغایت ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خاں ایڈیکانگ انچارج رہینگے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار — واقع ۲۲ اپریل ۱۹۳۶ء

مابدولت و اقبال یکم مئی ۱۹۳۶ء کو رخصت زمانے مسوری ہوں گے۔ مسٹر صدیق علیخاں صاحب ہاوس ہولڈ سکریٹری بہادر بحیثیت سکریٹری اوٹینگ ہمرکاب ہونگے۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) اجلاس ہمایوں کے کاغذات ہر تیسرے روز مابدولت و اقبال کے ملاحظہ میں مسوری بھیجے جائیں روانگی ڈاک کا یہ انتظام رکھا جائے کہ اگر ہرکارہ مسوری جا رہا ہو تو اوسکے ذریعہ ورنہ بائی پوسٹ بھیجی جائے۔ ضروری کاغذات ہر روز بھیجے جائیں۔

(۲) اگر اس زمانہ میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو بذریعہ ٹیلیفون یا تار حکم حاصل کیا جائے۔

(۳) صیغہ جات متعلقہ صاحب ہاوس ہولڈ سکریٹری بہادر کا کام علاوہ معرفت خیرات و اوقاف کے براہ راست عالیجناب صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر سے متعلق رہیگا۔ معرفت خیرات و اوقاف کا کام مسٹر سید معقول احمد صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل باتحتی عالیجناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر انجام

دینگے

(۴) جملہ امور محلات کے متعلق عالیجناب صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر سے حکم حاصل کیا جائے وہ شبانہ روز قلعہ میں رہیا کرینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈران اسٹیٹ کونسل [illegible]

آرڈران اسٹیٹ کونسل [illegible] مورخہ

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۲۳ مارچ ۱۹۳۶ء میں کاغذات متعلق وصول قیمت سروس بکس واسمان بجات از ملازمان پیش ہو کر طے پایا کہ:-

سابقہ ملازمان [illegible] وغیرہ کی قیمت ملازمان کو وصول نہ کیجائے۔ آئندہ ملازمان کو بوقت تقرری اپنی سروس بک وغیرہ خود خرید کر داخل کرنا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی بخدمت عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر مرسلہ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

ڈی او صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

بخدمت شریف عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من

کاغذات منسلکہ ارسال خدمت شریف ہیں براہ کرم اس بارہ میں اجرائے احکام فرمایا جائے تو مناسب ہے تاکہ جملہ محکمہ جات کو اطلاع ہوجائے۔ ۳۰ مارچ ۱۹۳۶ء

نیازمند

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈر منسلکہ مورخہ ۲۶ مارچ ۱۹۳۶ء کا حسب الضابطہ ضرور [illegible] اجرائے احکام کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

واقعہ ۲۳ اپریل ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر مولوی رسالت محمد صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی کی ایک یوم کی رخصت رعایتی برائے ۱۱ اپریل ۱۹۳۶ء بصورت خاص منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر)